**21.11.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ شبانہ رحمان

**Music**

☆ وزیرِاعظم نریندرمودی کو جارج ٹاؤن میں گیانا کا اعلیٰ ترین قومی ایوارڈ **The Order of Excellence** عطا کیا گیا۔ وزیرِاعظم نے اِس اعزاز کو بھارتی عوام کو وقف کیا ہے۔

☆ جناب مودی آج شام گیانا کی قومی اسمبلی سے خطاب کریں گے۔

☆ وزیرِدفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت ہمیشہ پیچیدہ بین الاقوامی معاملات کو حل کرنے کیلئے بات چیت کی حمایت کرتا ہے اور اُس پر عمل کرتا ہے۔

☆ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی میں ڈاکٹر ہرے کرشن مہاتاب کی **125** ویں یوم پیدائش کی تقریبات کا افتتاح کیا۔ انھوں نے اُن کے اعزاز میں ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ اور سکہ بھی جاری کیا۔

☆ گوا میں **55** ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول میں انڈین **Panorama** کا آغاز ہوگیا ہے۔اِس دوران **25** فیچر فلمیں اور **20** غیرفیچر فلمیں دکھائی جائیں گی۔

☆ کرکٹ میں۔ آل راؤنڈر ہارڈِک پانڈیا نے **ICC** مردوں کے ٹی ٹوینٹی بین الاقوامی کھلاڑیوں کی تازہ درجہ بندی میں اعلیٰ مقام حاصل کیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Guyana 2**

وزیرِاعظم نریندرمودی کو گیانا کے اعلیٰ ترین قومی ایوارڈ **The Order of Exellance** عطا کیا گیا۔ یہ ایوارڈ اُن کی اسٹیٹ مین شپ، عالمی سطح پر ترقی پذیر ملکوں کے حقوق کو اُجاگر کرنے، عالمی برادری کی خاطر خواہ خدمات اور بھارت گیانا تعلقات کو مضبوط کرنے کیلئے اُن کے عزم کو پہچانتے ہوئے عطا کیا گیا ہے۔ گیانا کے سرکاری ہاؤس میں آج گیانا کے صدر محمد عرفان علی نے وزیرِاعظم کو یہ ایوارڈ عطا کیا۔

جناب مودی نے یہ ایوارڈ بھارت کے عوام اور دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان گہرے تاریخی روابط کو وقف کیا ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ اُن کا یہ سرکاری دورہ بھارت گیانا دوستی کو مزید گہرا کرنے کی جانب بھارت کے عزم کا گواہ ہے۔**x**

**PM Bilateral**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے گویانا میں دوسرے انڈیا-کیری کوم سربراہی اجلاس کے دوران ڈومینیکا کے ہم منصب **Roosevelt** سے ملاقات کی۔ وزیرِ اعظم مودی نے ڈومینیکا کا سب سے بڑا ایوارڈعطا کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں رہنماؤں نے موسمیاتی تبدیلی، صحت کی دیکھ بھال، صلاحیت کی تعمیر اور عوامی سطح پر تعلقات کو مستحکم کرنے کے شعبوں میں بھارت-ڈومینیکا تعاون کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔ بعد میں ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ بھارت آنے والے وقت میں ڈومینیکا کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گا۔وزیرِ اعظم مودی نے دوسرے بھارت-کیری کوم سربراہی اجلاس کے دوران سورینام کے صدر چندرکاپرساد چند **Santokhi** سے بھی ملاقات کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیرِ اعظم مودی نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے ثقافتی اور عوامی سطح پر تعلقات کو مزید بہتر بنانے کے طریقوں پر بات کی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت سورینام کے مختلف ترقیاتی منصوبوں میں تعاون جاری رکھے گا۔وزیرِ اعظم مودی نے ٹرینیڈاڈ اور ٹوبیگو کے وزیرِ اعظم ڈاکٹر کیتھ رولے سے بھی ملاقات کی۔ وزیرِ اعظم مودی نے ڈاکٹر رولے کو بھارت کے یو پی آئی پلیٹ فارم کو اپنانے پر مبارکباد دی۔ دونوں وزیرِ اعظم نے ٹرینیڈاڈ اور ٹوبیگو میں پھلوں اور سبزیوں کی مربوط خودکار پروسیسنگ کے لیے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔وزیرِ اعظم مودی اور بہاماس کے ہم منصب **Philip Brave Davis** سے ملاقات میں اقتصادی تعلقات، موسمیاتی تبدیلی کی کارروائی اور آلودگی سے پاک شراکت داری کو مضبوط کرنے پر گفتگو کی گئی۔ دونوں رہنماؤں نے 'ایک پیڑ ماں کے نام' مہم پر بھی خیالات کا تبادلہ کیا۔وزیرِ اعظم مودی اور بارباڈوس کی وزیرِ اعظم **Mia Mottley** نے بھارت-بارباڈوس تعلقات کو مزید مضبوط کرنے پر اتفاق کیا اور صحت و دوا، اور اقوام متحدہ میں تعاون سمیت مختلف اہم شعبوں میں جاری تعاون کا جائزہ لیا۔ اس دوران، وزیرِ اعظم میا آمور موٹلے نے بارباڈوس کی حکومت کی جانب سے وزیرِ اعظم مودی کو کووڈ 19 کے دوران بارباڈوس کی مدد اور بھارت-بارباڈوس تعلقات میں ان کی قیادت کو تسلیم کرتے ہوئے 'آرڈر آف فریڈم آف بارباڈوس' ایوارڈ دینے کا اعلان کیا۔ یہ ایوارڈ 30 نومبر کو بارباڈوس میں پیش کیا جائے گا۔وزیرِ اعظم مودی نے جورج ٹاؤن میں دوسرے بھارت-کیریکوم سربراہی اجلاس کے دوران **Grenada** کے ہم منصب ڈِیکن مچل سے بھی ملاقات کی۔ وزیرِ اعظم مودی نے مچل کو اجلاس کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دی اور کہا کہ دونوں فریق مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط کرنے پر متفق ہیں۔وزیراعظم نریندرمودی نے **Antigua** اور **Barbuda** کے وزیراعظم **Gaston Browne** کے ساتھ تجارت ، سرمایہ کاری، صلاحیت سازی اور آب و ہوا میں تبدیلی میں کارروائیوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ جناب **Browne** نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت کی مستقل رکنیت کے لیے حمایت کا اعلان کیا۔ جناب مودی نے چوتھی **SIDS** کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر جناب **Browne** کو مبارکباد پیش کی۔x

**PM Guyana**

وزیراعظم نریندرمودی آج شام جارج ٹاؤن میں گیانا کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گے۔ وہ گیانا اور کیریبیئن خطے کے مشہور کرکٹ کھلاڑیوں سے بھی ملاقات کریں گے اور بھارتی برادری کے ایک جلسے سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم گیانا کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ کل رات وزیراعظم نے دوسری بھارتی- کیریکام چوٹی کانفرنس میں شرکت کی۔ انھوں نے کیریکام ممبر ملکوں یعنی گیانا، ڈومینیکا، سورینام، ٹریناڈاڈ اور ٹوبیگو، بہاماز، باربا ڈوز اورگرینیڈا اور **St vincent** کے لیڈروں کے ساتھ باہمی ملاقاتیں بھی کیں۔بھارت اور گیانا نے وزیراعظم نریندر مودی اور گیانا کے صدر محمد عرفان علی کے درمیان بات چیت کے بعد صحت ، ہائیڈروکاربن، زراعت اور متحدہ شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کیلئے دَس سمجھوتے پر دستخط کیے۔طبی آلات اور مصنوعات، جن اوشدھی اسکیم ، ثقافتی تبادلے کے پروگرام، گیانا میں **UPI** کی طرح کے نظام کو لاگو کرنے اور پرسار بھارتی اور گیانا کے قومی مواصلاتی نیٹورک کے درمیان تعاون سے متعلق مفاہمت ناموں پر دستخط کیے گئے۔x

**Rajnath Laos Visi**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ آج اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ بھارت نے مشکل بین الاقوامی امور کو حل کرنے کیلئے اس کی وکالت کی ہے اور ہمیشہ اس پر عمل کیا ہے۔ لاؤس کے **Vientiane** میں گیارہویں آسیان وزرائے دفاع کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے اس بات کی نشاندہی کی کہ کھلی بات چیت اور پرامن گفت و شنید کا یہ عزم سرحدی تنازعات سے لے کر تجارتی معاہدوں تک وسیع پیمانے پر بین الاقوامی چیلنجوں کیلئے بھارت کے نقطہ نظر سے واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا ماننا ہے کہ عالمی مسائل کے حقیقی اور طویل مدتی حل تبھی حاصل کئے جا سکتے ہیں، جب ممالک ایک دوسرے کے نقطہ نظر کا احترام کرتے ہوئے تعمیری انداز میں سرگرم عمل ہوں۔جناب سنگھ نے کہا کہ یہ بہت اہم ہے کہ دنیا کے مختلف حصوں میں جاری تنازعات اور درپیش بین الاقوامی چیلنجوں پر غور و خوض کیلئے لاؤس میں میٹنگ ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاؤس نے طویل عرصے سے بدھ مت کے عدم تشدد اور امن کے اصولوں کو اپنا گیا ہے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ بھارت، بحرالکاہل میں امن اور خوشحالی کے فروغ کے تناظر میں نیوی گیشن اور فضائی حدود کی آزادی، بلا روک ٹوک قانونی تجارت اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری کے حق میں ہے۔ ضابطہ اخلاق پر جاری بات چیت کے بارے میں، انہوں نے مزید کہا کہ بھارت ایک ایسا ضابطہ دیکھنا چاہے گا، جو ان ممالک کے جائز حقوق اور مفادات کو متاثر نہ کرے، جو ان بات چیت میں فریق نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضابطہ بین الاقوامی قانون کے ساتھ ، بالخصوص **Law of Sea** **1982** کے اقوام متحدہ کے کنونشن سے ہم آہنگ ہونا چاہیے۔ **x**

**CAG - OATH**

جناب کے-سنجے مورتی نے آج صبح نئی دلّی میں بھارت کے کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل کی حیثیت سے حلف لیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے راشٹر پتی بھون میں اُنہیں عہدے کا حلف دلایا۔ انہوں نے گریش چندر مرمو کی جگہ لی ہے ، جو اگست **2020** میں **CAG** کی حیثیت سے مقرر کئے گئے تھے۔ جناب مورتی نے تعلیم کی وزارت میں اعلیٰ تعلیم کے محکمے کے سکریٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں۔**x**

**Prez Harekrushna Mehtab**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں اُتکل **Keshari** ڈاکٹر ہرے کرشن مہتاب کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ڈاکٹر ہرے کرشن مہتاب کی **125**ویں جینتی کی تقریبات کا افتتاح کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ نے ڈاکٹر مہتاب کے اعزاز میں ایک خصوصی یادگاری ٹکٹ اور ایک سکّہ جاری کرنے کا موقع حاصل ہونے پر خوشی کا اظہار کیا۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ انہیں ڈاکٹر ہرے کرشن مہتاب کی تحریروں اور تقاریر سے ہمیشہ ہی تحریک حاصل ہوئی ہے۔

ڈاکٹر ہرے کرشن مہتاب **21** نومبر **1899** میں اڈیشہ کے **Agarpara** میں پیدا ہوئے تھے۔ وہ بھارتی تاریخ میں متعدد صلاحیتوں کے مالک تھے اور نامور رہنما تھے۔ انہیں ایک مجاہد آزادی، سیاست داں، تاریخ داں، مصنف، سماجی مصلح اور صحافی کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔

ڈاکٹر مہتاب کو ان کے مصمم اور مضبوط ارادوں اور باا‌ثر شخصیت کیلئے بھی یاد رکھا جائے گا۔ اس کے علاوہ انہیں ریاست کے ایک عظیم رہنما کے طور پر بھی تسلیم کیا گیا ہے۔**x**

**Hyderabad - Prez Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام دو روزہ دورے پر تلنگانہ پہنچیں گی۔ صدرِ جمہوریہ آج شام ایک مذہبی چینل کے ذریعے

منعقد کئے گئے Koti Deepotsavam میں شرکت کریں گی۔ صدرِ جمہوریہ کل صبح چوتھے بین الاقوامی فیسٹیول لوک منتھن کا بھی باضابطہ طور پر افتتاح کریں گی۔صدرِ جمہوریہ حیدرآباد میں اپنے دورے کے دوران راجا بھون میں ایک تقریر کریں گی۔ اِس دوران سابق نائب صدر ایم وینکیا نائیڈو نے آج صبح لوک منتھن میں نمائش اور ثقافتی پروگراموں کا افتتاح کیا۔ مختلف ریاستوں کے گورنر ، مرکزی وزراء ، دانشور اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین اس چار روزہ پروگرام میں شرکت کریں گے۔ توقع ہے کہ RSS سربراہ موہن بھاگوت بھی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ x

**Vinay Mohan Kwatra US**

امریکہ کیلئے بھارت کے سفیر ونے موہن کواترا نے حال ہی میں امریکہ کی راجدھانی میں جارجیا کے سینیٹر Jon Ossoff سے اُن کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے بعد کواترا نے سوشل میڈیا پر سینیٹر کی جانب سے والہانہ استقبال کرنے پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے بھارت اور امریکہ درمیان شراکت داری کو مستحکم کرنے میں اُن کی حمایت کیلئے بھی اُن کا شکریہ ادا کیا۔

اِس سے قبل پیر کے روز سفیر موصوف کواترا نے New Hampshire کی سینیٹر Jeanne Shaheen سے بھی ملاقات کی تھی اور بھارت-امریکہ تعلقات کی مثبت جہت کو اُجاگر کرتے ہوئے، اُن کی جانب سے بروقت اور بامعنی بات چیت کیلئے اُن کا شکریہ ادا کیا تھا۔ جناب کواترا نے باہمی تعلقات کو مزید وسعت دینے کیلئے مل کر کام کرنے کی اپنی خواہش کا بھی اظہار کیا۔x

**IFFI**

قومی سرکاری نشریاتی ادارے پرسار بھارتی نے اپنا OTT پلیٹ فارم WAVES کا آغاز کیا ہے۔ اِس کا آغاز کل گوا میں بھارت کے 55ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کی افتتاحی تقریب کے دوران کیا گیا۔ WAVES کا مقصد ڈیجیٹل اسٹریمنگ کی بڑھتی ہوئی مانگ کو پورا کرتے ہوئے اور جدید ڈیجیٹل رجحانات کو اپناتے ہوئے پرانی یادوں کو تازہ کرنا ہے۔ WAVES رامائن، مہابھارت، شکتی مان اور ہم-لوگ جیسے لازوال شوز کو پیش کرتا ہے۔ کل شاندار افتتاحی تقریب کے بعد بھارت کے 55ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول (IFFI) کا آج باضابطہ پہلا دن ہے، جس میں دن بھر فلموں کی اسکریننگ اور مختلف پروگراموں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ آج مختلف شعبوں کی 40 سے زیادہ فلموں کی اسکریننگ کی جائے گی۔Swatantrya ویر ساورکر، 12ویں فیل اور 'گھر جیسا کچھ' فلموں کی نمائش کی جائے گی۔ اس سیکشن میں اس سال کل 25 فیچر فلمیں اور 20 غیر فلمیں دکھائی جائیں گی۔x

**Bomb Cyclon Washington**

امریکہ کے شہر واشنگٹن میں Bomb Cyclone کے بعد پیڑ گرنے کے واقعے میں دو لوگ ہلاک ہوگئے ہیں۔ اس طوفان سے امریکہ کے شمال مغربی حصے اور مغربی کناڈا زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ طوفان سے واشنگٹن میں پانچ لاکھ سے زیادہ لوگ بجلی کی سپلائی سے متاثر ہوکر رہ گئے۔ اس علاقے سے پیڑ اور تار گرنے کے بعد نقصانات کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ طوفان کے اثرات کئی دنوں تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے جمعہ کے روز تک شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ x

**India Bangladesh Petern**

بنگلہ دیش سے تعلق رکھنے والے 24 افراد بشمول گیارہ خواتین بھارت میں دو سال جیل میں گزارنے کے بعد Benpole چیک پوسٹ کے راستے اپنے گھر واپس پہنچ گئے ہیں۔ بنگلہ دیش پولیس نے آج جانکاری دی ہے کہ انہیں کل رات Benapole کے مقام پر بنگلہ دیش امیگریشن اتھارٹی کے سپرد کیا گیا تھا۔ Benapole امیگریشن پولس آفیسر انچارج نے کہا ہے کہ یہ لوگ دوسال قبل مقامی بروکر کی مدد سے درست دستاویز کے بغیر بھارت نوکری کی تلاش میں گئے تھے۔ کولکاتہ پولیس نے انہیں گرفتار کیا اور ایک عدالت نے انہیں درست دستاویز کے بغیر ملک میں داخل ہونے کی پاداش میں دوسال کی سزاسنائی تھی۔x

## ICC T 20 Ranking

کرکٹ میں بھارت کے آل راؤنڈر کھلاڑی ہارِدِک پانڈیا ICC مردوں کی ٹی ٹوینٹی کھلاڑیوں کی حالیہ درجہ بندی میں پھر سے پہلے مقام پر آگئے ہیں۔ بلے بازی میں بھارت کے تلک ورما ترقی کے ٹاپ ٹِن فہرست میں تیسرے مقام پر آگئے ہیں۔ اس کے بعد سوریہ کمار یادو چوتھے مقام پر ہیں۔ یشش وِی جیسوال ایک مقام نیچے آکر آٹھویں مقام پر آگئے ہیں۔ گیند بازی میں ارشدیپ سنگھ نے ٹاپ ٹین فہرست میں اپنے ساتھی روی بشنوئی کے ساتھ ہوگئے ہیں۔ ارشدیپ نویں مقام پر ہیں، جبکہ روی آٹھویں مقام پر ہیں۔x

## PM Women Hockey

وزیر اعظم نریندر مودی نے خواتین کی ایشین چیمپئنس ٹرافی جیتنے پر بھارتی ہاکی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ٹیم نے پورے ٹورنامنٹ میں بے مثال کھیل کا مظاہرہ کیا ہے اور اس کامیابی سے مستقبل کے کئی ایتھلیٹس کو تحریک حاصل ہوگی۔ x

## Border Gavaskar Trophy

کرکٹ میں، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان کل پرتھ کے Optus اسٹیڈیم میں بارڈر گواسکر ٹرافی میچ شروع ہوگا، جس کا انتظار تھا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق صبح سات بجکر 50 منٹ پر شروع ہوگا۔ بھارتی مردوں کی ٹیم اس سال 22 نومبر سے اگلے برس 7 جنوری تک میزبان ٹیم کے خلاف 5 ٹسٹ میچ کھیلے گی۔ بھارتی کپتان روہت شرما ذاتی وجوہات کی وجہ سے پہلا ٹیسٹ میچ نہیں کھیل سکیں گے۔ روہت شرما کی غیرموجودگی میں جسپریت بُمرا بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے۔ شُبھ مَن گِل بھی انگوٹھے کی چوٹ کی وجہ سے افتتاحی میچ نہیں کھیل سکیں گے۔x